# عورت كي جنابت

<"xml encoding="UTF-8?>




عورت كي جنابت

سوال نمبر69:عورت كے لئے مني يا احتلام كي پهچان كا كيا طريقه هے؟

تمام مراجع:(تبريزي،بهجت،نوري كے سوا)عورت سےنكلنے والي رطوبت اگر شهوت كے ساتھ هو تو جنابت كا حكم ركھتي هے اور ضروري نهيں هے كه اچھل كر هي باهر آئے اور بدن سست هو ۔ليكن اگروه بغير شهوت كے هو تو مني كا حكم نهيں ركھتي مگر يه كه كسي اور طريقه سے مني هونے كا يقين حاصل هوجائے۔

( توضيح المسائل مراجع، مسئله346؛وحيد،توضيح المسائل، مسئله352؛سيستاني،تعليقات علي العروه،جلد1،غسل جنابت؛خامنه اي،اجوبة الاستفتاءات سوال، 171؛ صافي،هداية العباد،جلد1،مسئله175۔)

بهجت:اگر رطوبت شهوت كے ساتھ هو اور اچھل كرباهر آئے تو مني كا حكم ركھتي هے اور اگر ان دونوں ميں سے كوئي بھي يا ان ميں سےايك بھي علامت موجود نه هو تو وه مني كا حكم نهيں ركھتي مگر يه كه كسي اور راه سے مني هونے كا يقين حاصل هوجائے۔( آيت،بهجت،توضيح المسائل مراجع، مسئله346۔)

تبريزي،نوري:خارج هونے والي رطوبت اگر خاص شهوت كے ساتھ آئے اوراس كے بعد بدن بھي سست هوجائے تو وه مني هے ليكن اگر ان دونوں ميں سے كوئي بھي يا ايك بھي نشاني نه هو تو مني كا حكم نهيں ركھتي مگر يه كه كسي اور طريقه سے مني هونے كا يقين حاصل هوجائے۔( آيت،تبريزي،استفتاءات،سوال248۔)

عورتوں سے خارج هونے والي رطوبت كي طهارت

سوال نمبر70:كيا عورتوں سے خارج هونے والي رطوبت ياپاني پاك هے؟

تمام مراجع:خارج هونے والي رطوبت پاك هےاس سےغسل واجب نهيں هوتامگر يه كه پيشاب يامني هونے كايقين حاصل هوجائے۔

( العروة الوثقيٰ،جلد1،مستحبات غسل جنابت،مسئله6۔)